PARC

فصلات سیریل نمبر-45

زرعی توسیعی کتابچہ

2006

Modern Drill for the Use of DAP Fertilizer

ڈی اے پی کھاد کے استعمال کے لیے جدید ڈرل

پراجیکٹ برائے

مربوط زرعی تحقیقی وتوسیعی سرگرمیاں

ٹیکنالوجی ٹرانسفر انسٹی ٹیوٹ، قومی زرعی تحقیقاتی مرکز، اسلام آباد

وزارت خوراک وزراعت ولائیوسٹاک حکومت پاکستان

تعارف

گندم پاکستان کی سب سے اہم غذائی فصل ہے اور لوگوں کی خوراک کا بنیادی جزو ہے۔ مسلسل بڑھتی ہوئی آبادی کی غذائی ضروریات پورا کرنے کیلئے گندم کی پیداوار میں ہر سال اضافہ کرنا ضروری ہے۔ پاکستان کی زمینوں کی زرخیزی بہت کم ہو چکی ہے اور یہ فاسفورس کی کمی کا شکار ہیں۔ اس کمی کو پورا کرنے کے لئے گندم کی بوائی سے پہلے کھاد بذریعہ چھٹہ استعمال کی جاتی ہے۔ اس طرح گندم کے پودے کھاد سے پوری طرح مستفید نہیں ہو پاتے۔ کیونکہ ہر ممکن کوشش کے باوجود کھیت میں کھاد کا بالکل یکساں چھٹہ ناممکن ہے۔ دوسرا کھاد چونکہ زمین کے اوپر والی دو تین انچ تہہ میں رہتی ہے جبکہ پودے کی جڑیں زیادہ تر اس سے نچلی تہہ میں ہوتی ہیں لہذا پودے پوری طرح اپنی مطلوبہ خوراک حاصل نہیں کر سکتے۔ مزید براں چھٹہ کی گئی کھاد کا زیادہ تر حصہ زمین کی اوپر والی تہہ میں پیوست ہو جاتا ہے۔

قومی زرعی تحقیقاتی مرکز اسلام آباد کے فارم مشینری انسٹی ٹیوٹ اور زمین کی زرخیزی پر تحقیقی شعبہ کے سائنسدانوں نے مل کر جدید ڈرل بنائی ہے۔ جس سے سفارش کردہ مقدار سے نصف کھاد استعمال کر کے گندم کی پیداوار میں تقریباً 10 فیصد اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ اس مشین سے گندم کی بوائی کرنے سے زمیندار بھائیوں کو اضافی پیداوار حاصل ہوگی اور ڈی اے پی کھاد کی بچت کی صورت میں تقریباً 1300 روپے فی ایکڑ کا فائدہ ہوگا۔

ڈرل کی نمایاں خصوصیات

- ☆ یہ ڈرل فاسفیٹ کھاد کو بیج سے دو انچ نیچے اور دو انچ پہلو میں گراتی ہے۔ لہذا پودا کھاد کا بہتر استعمال کر سکتا ہے۔
- ☆ اس سے تحلیل شدہ فاسفورس کی دستیابی زیادہ ہونے کی وجہ سے کھاد کی دستیابی 60 سے 70 فیصد تک ہو جاتی ہے۔
- ☆ فاسفورس کھاد کی کھیت میں تقسیم یکساں ہوتی ہے۔
- ☆ یہ ڈرل 45 ہارس پاور (33 کلوواٹ) ٹریکٹر سے آسانی سے چلائی جا سکتی ہے۔
- ☆ حفاظت کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹرانسمشن سسٹم کو پوری طرح ڈھانپ دیا گیا ہے۔

تحقیق و تجربات

لینڈ ریسورسز ریسرچ پروگرام، قومی زرعی تحقیقاتی مرکز، پارک روڈ اسلام آباد (051-9255064)

ڈرل ڈیزائن

فارم مشینری انسٹیٹیوٹ، قومی زرعی تحقیقاتی مرکز، پارک روڈ اسلام آباد (051-9255064)

ڈرل ملنے کا پتہ

نعیم اینڈ کمپنی، سمندری روڈ فیصل آباد (041-545942)



ڈی اے پی کھاد ڈرل

نوٹ

یہ تکنیکی معلومات قومی و صوبائی زرعی تحقیقاتی و توسیعی اداروں کے زرعی سائنسدانوں / زرعی ماہرین کی سالہاسال کی تحقیقات و تجربات سے ماخوذ ہیں۔

فیضانِ نقشبند پبلشرز، لاہور
فون نمبر: 042-7236620, 0333-4566411